مدیر کے نام

عبدالرشید عراقی ، سوہدرہ

'خلفاے راشدینؓ نے جس طرح اپنا دورِ حکومت گزارا' (مارچ ۲۰۱۲ء)، اگر ہمارے ملک کے حکمران ان کی تقلید کریں، تو عوام ان کے لیے دعاے خیر کریں گے، اور اگر انحراف کریں گے تو پھر ان کا اللہ ہی حافظ ہے۔ کاش! ہمارے حکمران اپنا رویہ درست کریں تو ان کے لیے دنیا اور آخرت میں کامیابی ہی کامیابی ہے۔

افتخار احمد خاور، پشاور

'مزید کامیابیاں اور سازشیں' (مارچ ۲۰۱۲ء) کے مطالعے سے جہاں عالمِ عرب کے مسائل کا علم ہوا، وہاں اخوان المسلمون کی طویل جدوجہد اور کامیابیوں کو جان کر ایک نیا عزم اور ولولہ بھی ملتا ہے۔

نورالہادی نور ، چترال

'منصب کی طلب' (فروری ۲۰۱۲ء) تحریک اسلامی سے وابستگان کے لیے ایک بنیادی اہمیت کا حامل، یاد دہانی اور سبق کی حیثیت رکھنے والا اہم مضمون ہے۔ مصر میں اخوان المسلمون کی انتخابی کامیابی کے تناظر میں ڈاکٹر انیس احمد نے تحریکِ اسلامی پاکستان کے لیے جو غور طلب نکات پیش کیے ہیں، چشم کشا ہیں۔

ساجدہ ناہید ، دبئی

دادا جان مرحوم و مغفور کی وساطت سے ترجمان القرآن سے رابطہ تو زندگی کے اس دور سے ہی ہوگیا جب اس کے مضامین سمجھ سے بالاتر تھے۔ نور اور پھر بتول کو پڑھنا دل چسپ لگتا تھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس ماہنامے کی اہمیت واضح ہونے لگی۔ پھر تو ہر تحریر علم و عمل کے لیے مہمیز ثابت ہوئی، اور ہر ماہ ترجمان کا شدت سے انتظار رہنے لگا۔ اللہ تعالیٰ اس بہترین رہنمائی پر اجرعظیم سے نوازے، آمین!

'عورتوں کی باجماعت نماز' (فروری ۲۰۱۲ء) پر ڈاکٹر عبدالحی ابڑو کا مضمون پڑھا۔ مدلل انداز میں فقہ حنفی کی رُو سے اس مسئلے کو واضح کیا گیا ہے۔ حقیقتاً ایک طویل عرصے سے اس موضوع پر فقہ حنفی کا دوسری فقہوں سے اختلاف سننے میں آتا رہتا تھا اور سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ کیا کیا جائے۔ الحمدللہ مسئلہ سمجھ میں آ گیا اور واضح رہنمائی ملی۔

وضاحت: 'رسائل و مسائل' (مارچ ۲۰۱۲ء) میں جادو کے علاج کے لیے جن قرآنی آیات کو پڑھنے کی تاکید کی گئی ہے وہ یہ ہیں: سورۂ اعراف ۷: ۱۱۷ تا ۱۲۰، سورۂ یونس ۱۰: ۸۱ تا ۸۲، اور سورۂ طٰہٰ ۲۰: ۶۸ تا ۶۹